© rasailojaraid.com

# دعائے مغفرت کی درخواست

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ضلع صوابی کے مسئول اور جامعہ شمس العلوم الاسلامیہ اسماعیلہ صوابی کے مدیر حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالاول بنوری صاحب کے والد ماجد حضرت مولانا محمد رفیق صاحبؒ ۱۰ ذوالقعدہ ۱۴۲۹ھ بمطابق ۹ نومبر ۲۰۰۸ء بروز اتوار اس دار فانی سے رحلت فرما گئے انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحوم خیر الاساتذہ استاذ العلماء حضرت مولانا خیر محمد جالندھری، مخدوم العلماء حضرت مولانا محمد شریف جالندھری اور شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری نور اللہ مرقدھم کے شاگرد اور فیض یافتہ تھے۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ضلع گجرات و منڈی بہاؤالدین کے مسئول اور جامعہ نور الہدیٰ منڈی بہاؤالدین کے مہتمم حضرت مولانا ارشاد اللہ صدیقیؒ مورخہ ۲۳ ذوالحجہ ۱۴۲۹ھ بمطابق ۲۲ دسمبر ۲۰۰۸ء بروز سوموار بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ضلع کوہاٹ کے مسئول اور جامعہ الجدیدہ فتح العلوم رحیمیہ مدینہ ٹاؤن کوہاٹ کے مہتمم حضرت مولانا قاری مسرور احمدؒ حج بیت اللہ کے مبارک سفر کے دوران مکۃ المکرمہ میں اس جہان فانی سے رخصت ہو کر اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم صوبہ سندھ اور جامعہ مفتاح العلوم حیدرآباد کے ناظم تعلیمات حضرت مولانا ڈاکٹر سیف الرحمٰن صاحب کے والد گرامی جناب غلام رسول صاحبؒ ۵ محرم الحرام ۱۴۳۰ھ بروز ہفتہ اس دار فانی سے رحلت فرما گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

قارئین اور اہل مدارس سے جملہ مرحومین کے لئے ایصال ثواب اور دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

''وفاق المدارس'' تمام پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جوار رحمت میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر جزیل عطاء فرمائیں۔

**بریلویت حقائق کے آئینے میں: مصنف پروفیسر حافظ غلام احمد میمن**

اس کتاب پر تبصرہ ماہنامہ ''وفاق المدارس'' کے جلد نمبر ۵ شمارہ نمبر ۴ ماہ ربیع الثانی ۱۴۲۹ھ میں ہو چکا ہے۔ کتاب ملنے کا پتہ سہواً درج نہ ہوسکا لہذا یہ کتاب ''مکتبہ اصلاح و تبلیغ'' مارکیٹ ٹاور حیدرآباد فون نمبر 022-2621622 سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ اس کتاب کی قیمت -/300 روپے ہے۔

© rasailojaraid.com